

# 2022
# پینے کے پانی کی کوالٹی رپورٹ کا خلاصہ

LA DWP

## پانی کی کوالٹی: ایک زبردست ذمہ داری اور رعایت

LADWP کے لیے پانی کی کوالٹی نہ صرف ایک زبردست ذمہ داری بلکہ ایک رعایت بھی ہے، یہ ایک ایسی رعایت ہے جو ہمارے اعمال اور ہمارے پہل کی رہنمائی کرتی ہے۔ 2022 میں، ہم نے 26,000 سے زائد پانی کے نمونے اکٹھا کیے اور پانی کی کوالٹی کے 220,000 سے اوپر ٹیسٹ کیے۔ اس کے علاوہ، ہم نے COVID-19 کے ہنگامی اعلانیہ کی پوری مدت کے دوران فیلڈ ٹیسٹنگ، نمونہ سازی اور لیب میں تجزیہ کا مسلسل، یومیہ عمل برقرار رکھا۔ .L.A کی پانی کی کوالٹی اور حفاظت کل ملا کر تین سالہ عالمگیر وبا کے دوران ہماری مجموعی صحت اور ذہنی سکون کا ایک مستقل ستون تھی۔

جنوری 2022 میں ہم نے لاس اینجلس ریزروائر الٹرا وائلٹ ڈس انفیکشن پلانٹ (LARUVDP)، ‎$123.8 ملین کی، شاہکار واٹر ٹریٹمنٹ فسیلیٹی کی بھی تشکیل کی، جس سے مخزنوں میں پینے کے پانی کا تحفظ کرنے کے لیے ہمارے بنیادی ڈھانچے کو ریاستی اور وفاقی ضوابط کے ساتھ پوری طرح سے رو بہ عمل لانے کی 20 سالہ کوشش تکمیل کو پہنچی۔ آپ کو پوری تفصیلات اور مزید معلومات اس سال کی پوری رپورٹ میں ملیں گی جس سے .L.A کے پینے کے پانی کے سخت ٹریٹمنٹ، ٹیسٹنگ، اور مانیٹرنگ کی اور پینے کے پانی کے حوالے سے تمام ریاستی اور وفاقی معیارات کے ساتھ اس کی تعمیل کی تصدیق ہوتی ہے۔

## آب ہوا کی تبدیلی کے رخ پر پانی کی ایک مضبوط سپلائی

2022 میں سخت خشک سالی کے تسلسل کے باوجود اینجلینوز نے لگ بھگ 6 بلین گیلن پانی بچانے میں مدد کی جبکہ ہمارے عملہ نے سپلائی کے مطالبے پورا کرنے کے لیے متعدد حکمت عملیاں تیار اور نافذ کیں۔ ان سب کے دوران، ہم بنیادی ڈھانچہ والے پروجیکٹوں میں سرمایہ لگاتے رہے۔ پانچ سالہ توجونگا اسپریڈنگ گراؤنڈز انہینسمنٹ پروجیکٹ کی تکمیل بھی انہی میں سے تھی۔ اس گزشتہ جاڑے کے جم غفیر کے ساتھ، ہمارے ‎$130 ملین کے طوفانی پانی پر گرفت بنانے کی سرمایہ کاری نے پورا حق ادا کر دیا نیز اکتوبر 2022 سے لے کر مارچ 2023 تک 33 بلین گیلن برساتی پانی کی کاشت ہوئی۔

ہم نے آپریشن نیکسٹ بھی جاری رکھا، جو پانی کی سپلائی کی ایک پرعزم اور اختراعی پہل تھی جو جدید ترین تطہیر کردہ ری سائیکل شدہ پانی کا استعمال کر کے ہمارے شہر کو ان خشک سالیوں کے حوالے سے کم زد پذیر بنائے گي جو پانی کے درآمد کردہ وسائل کو متاثر کرتے ہیں۔ بنیادی ڈھانچہ میں سرمایہ کاری کے ساتھ ہی تحفظ کی کوششیں پانی کے اعتبار سے ایک مضبوط، معتبر مستقبل کے حوالے سے ہماری بہترین امیدوں کی نمائندگی کرتی ہیں۔

## ضابطے کی تعمیل

2022 میں، ہم نے اپنے پورے آبی نظام میں 237 سے زیادہ حلقہ انتخاب کو ٹیسٹ کیا۔ LADWP کو کوئی خلاف ورزی موصول نہیں ہوئی اور اس نے 2022 میں پینے کے پانی کے تمام بنیادی معیارات کو پورا کیا۔

## کیلیفورنیا میں PFAS اور پینے کا پانی

پولی اینڈ پرفلورو الکائل سبسٹانسز (Poly- and Perfluoroalkyl Substances, PFAS ) ان مصنوعی (انسان کے بنائے ہوئے) کیمیکلز کا گروپ ہیں جو تحلیل نہیں ہوتے ہیں۔ ان میں پرفلورو اوکٹانوئک (Perfluorooctanoi, PFOA) اور پرفلورو آکٹین سلفونک ایسڈز (Perfluorooctane Sulfonic Acids, PFOS) شامل ہیں، جو کبھی مینوفیکچرنگ میں استعمال ہوتے تھے اور ان میں کینسر پیدا کرنے کے رجحان کا شبہ تھا۔ بیشتر امریکی مینوفیکچررز نے 2000 اور 2002 کے بیچ PFOS کے اور 2006 میں PFOA کے پروڈکشن کو رضاکارانہ طور پر مرحلہ وار بند کر دیا۔

14 -2013 میں ہمارے شروع کرنے کے بعد سے LADWP بدستور ہمارے زیر زمین پانی کے ذائع پر نگاہ رکھے ہوا ہے۔ ٹیسٹ کے منظور شدہ طریقے بروئے کار لاتے ہوئے ہزاروں نمونوں کا تجزیہ کرنے کے بعد، ہمیں اپنے پانی کی سپلائی میں آلودگی کا کوئی مسئلہ نہیں ملا ہے۔ یوں تو انفرادی کنوؤں سے لیے گئے چند نمونوں میں PFAS کا پتہ چلا تھا، مگر ایک بھی واحد کنواں ہمارے گاہکوں کو فراہم کردہ پانی کی نمائندگی نہیں کرتا ہے۔ انفرادی کنوؤں سے لیے گئے پانی کو دوسرے کنوؤں کے پانی کے ساتھ ملایا گیا اور ڈسٹری بیوشن سسٹم میں داخل کرنے سے پہلے سطحی پانی کے اعلی ترین حجم کےساتھ ملا کر اس کو مزید رقیق بنایا گیا۔ گاہک اس بات کا یقین کر سکتے ہیں کہ LADWP اعلی کوالٹی کا پینے کا پانی فراہم کر رہا ہے۔

## لاس اینجلس میں سیسہ اور تانبہ کے اصول (Lead and Copper Rule, LCR) کی تعمیل

LADWP کے پاس زنگ خوردگی کو کنٹرول کرنے اور گاہکوں کے سیسہ کی زد میں آنے کا معاملہ کم کرنے کی ایک طویل اور کامیاب تاریخ رہی ہے۔ ہم LCR کی اپنی چاروں پہل جیسے ملمع شدہ آئرن سروس لائنوں کے یوٹیلیٹی والے حصے کو بدلنے میں پیشرفت حاصل کرتے رہے۔ ہم پرانے ہو چکے پانی کے میٹروں کو کم سیسہ والی اکائیوں سے بدلتے رہے۔ صرف 2022 میں، ہم نے 32,825 میٹر بدلے۔ 2018 میں، ہم نے باقی ماندہ نامعلوم یوٹیلٹی کی زیر ملکیت سروس لائنوں کی انوینٹری مکمل کی۔ کسی میں بھی سیسہ والا مواد نہیں تھا۔

LADWP نے ابھی حال ہی میں 2020 میں LCR کی رہائشی نمونہ سازی کا عمل انجام دیا۔ نمونہ سازی کے پروگرام کے دوران، اخذ کردہ 100 اولین نمونے گاہکوں کے گھر سے حاصل کیے گئے تھے اور نتائج سے سیسہ کے مدنظر ppb 5.0 (حصے فی بلین) اور تانبہ کے لیے ppb 394 کے $90^{th}$ صدویہ کا پتہ چلا۔ دونوں ہی اقدار سیسہ کے مدنظر ppb 15 اور تانبہ کے مدنظر ppb 1300 کے متعلقہ ایکشن لیولز سے کافی کم تھیں۔ اگلی نمونہ سازی 2023 میں ہوگی۔

## مآخذ پر ہی پانی کی کوالٹی کا تحفظ کرنا

**سطح پر سپلائی:**

2020 میں، LADWP نے اوینز ویلی اور مونو بین واٹر شیڈ کی تشخیص مکمل کی جو لاس اینجلس اکویڈکٹ کو سپلائی کرتا ہے۔ یہ مآخذ جیو تھرمل سرگرمیوں کے تئیں سب سے زیادہ زد پذیر ہیں جو اوینز ریور میں جا کر گرنے والے دروں میں فطری طور پر پیدا ہونے والا ارسینک خارج کرتے ہیں۔ 2019 میں لوور اسٹون کینان ریزروائر واٹر شیڈ اور2020 میں اینسینو ریزروائر واٹر شیڈ کے لیے بھی تشخیصات مکمل کی گئی تھیں۔ زرعی، جنگلی زندگی، اور اسٹوریج کے ذخائر کا غیر مجاز استعمال ان واٹر شیڈز میں موجود پانی کے کوالٹی کو متاثر کرنے والی سرگرمیاں ہے۔ ان سرگرمیوں سے پانی کی کوالٹی پر پڑنے والے اثر کو برائے نام تصور کیا جاتا ہے۔ LADWP کرپٹو اسپوروڈیم اور جیارڈیا کے مدنظر بھی باقاعدگی سے نگاہ رکھتا ہے۔ نتائج بتاتے ہیں کہ ان کی موجودگی گاہے بگاہے ہے اور ان واٹر شیڈز میں وہ کافی ادنی سطحوں پر رہتے ہیں۔

**زیر زمین پانی کی سپلائی:**

سان فرنینڈو بیسن میں زیر زمین پانی کے مآخذ کی تشخیص 2018 میں اپ ڈیٹ کی گئی تھی۔ سنٹرل اور سیلمر بیسن میں موجود مآخذ کی تشخیص 2019 میں مکمل ہوئی تھی۔ ان اکویفائرز میں موجود کنویں زرعی اور مینوفیکچرنگ کی کارروائیوں کے لیے سب سے زیادہ زد پذیر ہیں۔ پانی کی ان سپلائیز کو ٹریٹ کیا جاتا ہے اور پینے کے پانی کے معیارات کی تعمیل یقینی بنانے کے لیے دوسرے مآخذ سے آنے والے پانی کے ساتھ انہیں ملایا جاتا ہے۔

## MWD سے خریدی ہوئی درآمد شدہ سپلائیز:

میٹروپولیٹن واٹر ڈسٹرکٹ (Metropolitan Water District, MWD) کے ماخذ والے پانی کے حالیہ ترین سروے کولیراڈو ریور واٹر شیڈ سینٹری سروے – 2020 اپ ڈیٹ اور اسٹیٹ واٹر پروجیکٹ واٹر شیڈ سینٹری سروے – 2021 اپ دیٹ ہیں۔ یہ مآخذ واٹر شیڈ سے متعلق عوامل جیسے تفریحی سرگرمیوں، طوفانی پانی کے بہاؤ، فالتو پانی کے اخراج، جنگلی زندگی اور آتش زدگی کے حوالے سے سب سے زیادہ زد پذیر ہیں۔

MWD کے پانچ ٹریٹمنٹ پلانٹس میں سے تین لاس اینجلس کے علاقے میں پانی سپلائی کرتے ہیں۔ MWD تقریباً 400 حلقہ انتخاب کے لیے اپنے پانی کا ٹیسٹ کرتا ہے اور اپنے ڈسٹری بیوشن سسٹم سے اکٹھا کردہ نمونوں پر ہر سال لگ بھگ 250,000 پانی کی کوالٹی کے ٹیسٹ کرتا ہے۔ MWD کے نتائج رپورٹ میں جدول I، II اور III میں شامل ہیں۔

مزید معلومات پوری 2022 کی پانی کی کوالٹی کی رپورٹ میں www.ladwp.com/waterquality پر مل سکتی ہیں۔ اپنے پینے کے پانی کے بارے میں سوالات کے یلے، ہماری واٹر کوالٹی ہاٹ لائن کو 367-3182 (213) پر کال کریں یا ہمیں waterqualityoffice@ladwp.com پر ای میل کریں۔